© rasailojaraid.com

# مطبوعات

کتابیں، رسائل اور پمفلٹ بہت بڑی تعداد میں جمع ہیں اور ان کے مقابلے میں تبصرہ کے صفحات کا دامن بہت ہی تنگ ہے۔ مجبوراً ہم اجمالی تعارف کا طریقہ اختیار کر رہے ہیں۔

**فاران ـــــ سیرت نمبر** | بادارت جناب ماہر القادری۔ مقام اشاعت: کیمبل اسٹریٹ کراچی
قیمت سیرت نمبر ڈھائی روپے، چندہ سالانہ چھ روپے۔

فاران علمی و ادبی اور دینی و اخلاقی لحاظ سے پاکستان کے جرائد کی صفِ اول میں جگہ حاصل کر چکا ہے۔ جنوری ۵۶ء میں اپنا لاجواب سیرت نمبر پیش کر کے فاران نے سرزمینِ ہند و پاک کے اصحابِ علم و نقد سے خراجِ تحسین حاصل کیا ہے۔ عنوانات میں بڑی ندرت ہے، مقالات میں تنوع ہے، منظومات میں روحِ ایمانی کارفرما ہے۔ بہ حیثیت مجموعی یہ سارا مواد محض معلومات افزا ہی نہیں، تحریک زا بھی ہے۔ مختلف حلقوں کے چوٹی کے علماء و مفکرین اور شعراء و ادباء اس کی ترتیب میں حصہ دار ہیں۔ سیرت نمبر کی مقبولیت کا عالم یہ ہوا کہ اب تک اس کا دوسرا ایڈیشن شائع ہو چکا ہے۔ اس نمبر کے مطالعہ سے انسانیت کے اس اعلیٰ و برتر نمونہ و معیار کا پورا پورا تصور حاصل ہوتا ہے جس کا عکس قبول کر کے ہی انسان انسان بن سکتا ہے اور ایک صالح تمدن کی تشکیل کرنے کے قابل ہو سکتا ہے۔ تین سو سے زائد صفحات، خوشنما سہ رنگا سرورق، کتابت و طباعت معیاری۔

**فردوس** | مجموعہ کلام جناب ماہر القادری۔ شائع کردہ، مکتبہ چراغ راہ، کراچی۔ قیمت تین روپے آٹھ آنے

بزمِ شعر و سخن میں جناب ماہر القادری کو برسوں سے ایک ممتاز مقام حاصل ہے۔ لیکن اس صاحب طرز شاعر کے فکر و فن نے جب سے تحویل قبلہ کیا ہے، اس کا مرتبہ اور بھی بلند و برتر ہو گیا ہے۔ "صبحِ بنارس" سے "صبحِ سعادت" تک بڑا فاصلہ تھا مگر طے شود جادۂ صد سالہ بآہے گاہے ایک ایسی حقیقت ہے کہ فردوس کے مطالعہ سے اس کا اعتراف کرنا پڑتا ہے۔ لذیت کے بت کدوں کو

© rasailojaraid.com